روزنامہ شیرِ پاکستان لاہور
DAILY
SHER-E-PAKISTAN
LAHORE
چیف ایڈیٹر
سید شاہ جہان
ایڈیٹر: سید شاہ حسین بخاری
جمعرات 12 مئی 2022ء ، 10 شوال المکرّم 1443ھ

نارووال؛ وفاقی محتسب گوجرانوالہ کی کھلی کچہری، واپڈا، سوئی گیس، پاسپورٹ آفس کے خلاف شکایات کے انبار

نارووال (انجینئر ندیم بٹ) وفاقی محتسب کی خصوصی ہدایت پر ایڈوائزر وفاقی محتسب گوجرانوالہ ڈویژن شاہد لطیف خان کی ڈی سی آفس نارووال میں کھلی کچہری, اس موقع پر کھلی کچہری میں گیپکو, پوسٹ آفس, سوئی گیس, واپڈا, پاسپورٹ آفس کی طرف سے 1 3 شکایات موصول ہوئیں جن میں 0 3 شکایات کا موقع پر فوری ازالہ کیا گیا۔ جبکہ 1 درخواست کو اگلی سماعت کے لیے کے لیے مقرر کر دیا گیا۔ ایکسین گیپکو, ایس ڈی او گیپکو, پاسپورٹ و دیگر محکموں کے افسران نے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب گوجرانوالہ شاہد لطیف خاں نے اس موقع پر کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات کی روشنی میں تمام اضلاع میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کامیابی سے جاری ہے جس کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں, وفاقی محتسب کی ہدایت پر اضلاع میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا کا مقصد لوگوں کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کی بدولت آب تک سینکڑوں افراد کی مشکلات کا ازالہ ممکن بنایا گیا ہے۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے کھلی کچہری میں موجود افسران کو ہدایت کہ وہ سائلین کی درخواستوں کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئیکار لائیں۔ کھلی کچہری میں آنے والے سائلان کی طرف سیو فاقی محتسب کی ہدایت پر منعقدہ کھلی کے انعقاد کو بھرپور انداز میں سراہا گیا۔

MEMBER APNS

ایبٹ آباد گلگت بلتستان مظفر آباد اور میرپور سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

ABC CERTIFIED

DAILY MAHASIB

روزنامہ

محاسب

ایبٹ آباد

بیاد
نسیم حجازی

قیمت 10 روپے

چیف ایڈیٹر: زاہدہ پروین

جلد نمبر 26 | بروز جمعرات 12 مئی 2022ء، 10 شوال المکرم 1443ھ | شمارہ 118

وفاقی محتسب کی ہدایات مانسہرہ میں کھلی کچہری لگانے کا فیصلہ

ریجنل ہیڈ جمعرات کو پیسکو خاکی سب ڈویژن میں عوامی شکایات سنیں گے

ایبٹ آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب ریجنل آفس ایبٹ آباد کے ریجنل ہیڈ بروز جمعرات 11 بجے دن ایس ڈی او پیسکو خاکی سب ڈویژن کے دفتر واقع سرکٹ ہاؤس مانسہرہ کھلی کچہری میں شکایات کی سماعت کریں گے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر دور دراز کے علاقوں میں مقیم افراد کو ان کی دہلیز پر فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کرنے کی غرض سے ضلعی اور تحصیل کی (بقیہ 56۔ صفحہ 3)

بقیہ نمبر 56

سطح پر کھلی کچہری لگائے جا رہے ہیں، اس ضمن میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس ایبٹ آباد کے ریجنل ہیڈ بروز جمعرات 11 بجے دن ایس ڈی او پیسکو خاکی سب ڈویژن کے دفتر واقع سرکٹ ہاؤس مانسہرہ میں کھلی کچہری لگائیں گے جس میں وفاقی محکمہ جات سے متعلق شکایات نمٹائی جائیں گی، وفاقی محتسب کے ریجنل ہیڈ نے مانسہرہ کے عوام کو اس کھلی کچہری میں وفاقی اداروں، جن میں واپڈا، سوئی گیس، نادرہ، پوسٹ آفس، نیشنل ہائی ویز اتھارٹی یا اس کے علاوہ کسی بھی وفاقی محکمے سے متعلق کوئی شکایت ہو تو کھلی کچہری میں اپنی شکایت درج کروا سکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ان شکایات کا ازالہ 60 دنوں میں کر دی جاتا ہے، اس سلسلے میں شکایت کنندہ کو کوئی فیس نہیں دینی پڑتی اور نہ ہی کوئی وکیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے انہوں نے متعلقہ افراد سے حکومت کی اس سہولت سے مستفید ہونے کی اپیل کی ہے تا کہ عوام کو تکلیف کی دادرسی کی جائے